15/03/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں مسرت شاہ

PM

My Bharat Budget Quest- وزیر اعظم نریندر مودی آج سے شروع ہونے والے کے ریاستی و یوٹی سطح کے فاتحین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اس پہل 2026 سے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہو گی۔ جس سے وہ وِکست بھارت کی تعمیر کے بارے میں اپنی نکتہ نظر ایک دوسرے سے مشترک کرنے کے علاوہ مرکزی بجٹ پر تبادلہ خیال کرسکیں گے۔

اس اقدام کا مقصد پالیسی کی تشکیل میں نوجوان نسل کے کردار کو مضبوط بنانا ہے۔واضح رہے کہ

کو زبردست رد عمل ملا ہے جس میں12لاکھ My Bharat Budget Quest-2026 سے زیادہ نوجوان کی شرکت متوقع ہے جبکہ47ہزار مضامین جمع کرائے گئے ہے۔

CM

نام کے Badam Vaer Blooms وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بادام واری میں فیسٹول2026کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا یہ Almond Blossom فیسٹول ایک طرف وادی میں بہار کی آمد کی دستک دیتا ہے اور دوسری طرف اس سے سِیاحتی سرگرمیوں کو بھی فروغ حاصل ہوتاہے۔

اس موقعے پر انہوننے جمونکشمیر کے فلوری کلچر باغوں کیلئے آن لائن ٹکٹ نظام کا افتتاح کیا۔ انہوننے کہا کہ اس نظام سے ان باغات میں سَیاحوں کےلئے بہتر انتظام اورلوگوں کے آسان داخلے کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی ۔

ستیش شرما

یو تھ سروسز اینڈ سپورٹس کے وزیر ستیش شرما نے کہا حکومت سِیاحت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کےلئے کوششینکر رہی ہیں۔ ان باتوں کا اظہار انہوننے کل سرینگر کے مختلف سِیاحتی مقامات کا دورہ کرنے کے دوران ملک اور بیرون ممالک سے آئے ہوئے سَیاحوں کے ساتھ بات چیت کر نے کے دوران کیا۔

انہوننے وادی کی سیر پرآئے سَیاحوں سے سفری تجربات اور سِیاحتی مقامات پر دستیاب سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ اس دوران وزیر موصوف نے مختلف باغات اور دیگر سِیاحتی مقامات پر دستیاب سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔

کمشنر سیکریٹری

کوآپریٹیو محکمے کی کمشنر سیکریٹری یشا مُدگل نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران اننت ناگ سینٹرل کوآپریٹیو بنک لمیٹڈ کی کارگردگی کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ تمام مالی اہداف کی بر وقت حصولیابی کو یقینی بناتے ہوئے بنک کے کام کاج میں مزید بہتری لائیں ۔

انتظامات

شبِ قدر، عید الفطر، نوروز اورنوراترا کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لینے کی غرض سے ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ منعقدہ میٹنگ مینمذہبی تقریبات کے پیش نظر تمام انتظامات کو مر بوط اور موثر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر نے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ مکمل منصوبہ بندی اور آپسی تال میل کے ساتھ کام کریں تاکہ لوگوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

کولگامDC

اسی طرح کی ایک میٹنگ کا انعقاد ضلعترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے کیا۔ جس دوران افسران پر زور دیا گیا کہ وہ اہم مذہبی تقریبات اور تہواروں کے سلسلے میں ضلعے میں تمام ضروری سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔

بڈگامDC

ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عام خان نے پنچایت انتخابی فہرستوں کی نظر ثانی کی صورتحال کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔ اس دوران انہوننے ضلع کے مختلف بلاکوں اور سب ڈویژنوں میں انتخابی فہرستوں کی تیاری اور تقسیم کے حوالے پیش رفت کا جائزہ لیا اور اس عمل کو مقررہ مدت کے اندر اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

بلیٹن

ریجنل نیوز یونٹ آکاشوانی سرینگر آج یعنی15مارچ سے خبروں کا ایک اور اُردو بلیٹن نشر کر رہا ہے۔10منٹ کا یہ بلیٹن آج سے ہر روز سہ پہر3بجکر50منٹ سے4بجے تک نشر ہوا کرے گا۔

اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز کے ڈائریکٹر جنرل راجیو جین نے باضابطہ آرڈر جا ری کیا ہے جس پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر نے اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ طارق راتھر نے اس سلسلے میں اپنا تعاون دینے کےلئے آکاشوانی سرینگر کے کلسٹر ہیڈ گُربندر سنگھ اور پروگرام سر براہ غلام رسول آخون کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر اب روزانہ خبروں کے کُل12بلیٹن نشر کرے گا جن میں اُردو کے4اور کشمیری کے 5بلیٹنز کے علاوہ پہاڑی، گوجری اور بلتی زبان کا ایک ایک بلیٹن شامل ہے۔

نماز

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی جانب سے شبِ قدر کی بابرکت تقریبات کے سلسلے میں کشمیر کی مختلف مساجد، درگاہوں، خانقاہوں اور بقہ جات میں نماز عشاءکے اوقات مشتہر کئے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں وادی میں سب سے بڑی تقریب آثار شریف در گاہ حضرت بل میں منعقد ہو گی جہانکل نماز عشاءرات10بجے ادا کی جائے گی۔

اسی طرح آثار شریف جناب صاحب آنچار صورہ سرینگر11بجے، زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب ؒ خانیار سرینگر 10بجے ،زیارت حضرت میر سعید یعقوب صاحب سونہ وار10بجے،خانقاہ معلی حضرت امیر کبیر ؒ میر سعید علی ہمدانی10بجکر30منٹ، آثار شریف کلاشپورہ سرینگر10بجے، زیارت حضرت مخدوم صاحب سرینگر 10بجے، آثار شریف کعبہ مرگ اننت ناگ10بجے، خانقاہ فیض پناہ ترال10بجکر30منٹ ،زیارت شریف علمدار کشمیر چرار شریف میں10بجکر30منٹ اور زیارت حضرت پیام الدین ریشی صاحب ٹنگمرگ11بجے ادا کی جائے گی۔

کولگام

Jal Arpan کولگام میں محکمہ جل شکتی نے جا ری جل مہوتسو پکواڑہ کے تحت واٹر سپلائی سکیم کوعوام کے نام Arigantoo کے ایک حصے کے طور پر Diwas وقف کیا۔ اس موقعے پر ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے سکیم کا جائزہ لیا اور سکیم کے حوالے سے طویل مدتی فائدوں کے حصول کےلئے لوگوں کی ذمہ داری کو اُجاگر کیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....